

سیکولر اسٹیٹ کی پارلیمنٹ میں نعرے

محمد حنیف خان

ہندوستان ایک سیکولر اور جمہوری ملک ہے، جو ملک کی سالمیت اور اس کے بقائے امن کا ضامن ہے، لیکن کچھ لوگ ایسے بھی تھے جو اس سیکولر اور جمہوری ریاست کے قیام سے قبل سے ہی اسے ایک مذہبی ریاست میں تبدیل کرنا چاہتے تھے، جو ابھی تک اپنے مذموم مقاصد میں اگرچہ کامیاب نہیں ہو سکے ہیں مگر انہوں نے اس فکر کو ترک بھی نہیں کیا بلکہ آج بھی وہ ہر سطح پر کوشاں ہیں کہ کسی بھی صورت میں اسے مذہبی ریاست میں تبدیل کر دیا جائے۔

18ویں لوک سبھا کے لیے عام انتخابات کے بعد ہوئی حلف برداری میں یہ منظر پورے ملک اور دنیا نے دیکھا کہ پارلیمنٹ جیسے جمہوری اور سیکولر ادارے میں طرح طرح کے نعرے گونجے۔ لیکن اچھی بات یہ رہی کہ اسی پارلیمنٹ سے اس کے خلاف صدائے احتجاج بھی بلند ہوئی اور متنازع و غیر جمہوری نعروں کو سخت الفاظ میں مسترد بھی کر دیا گیا۔ مگر افسوس کی بات یہ ہے کہ جس آئین کی سالمیت اور اس کے نفاذ کا حلف ان ممبران پارلیمنٹ نے لیا، انہوں نے اسی لمحے اخلاقی سطح پر اس کی دھجیاں بھی اڑا دیں۔

پارلیمنٹ میں یوں تو کئی ممبران پارلیمنٹ نے حلف اٹھانے کے درمیان متنازع نعرے بازی کی مگر تین ممبران پارلیمنٹ اسد الدین اویسی، ارون گوول اور چھتر پال سنگھ گنگوار ایسے رہے جنہوں نے ملک کے جمہوریت پسند عوام کو بہت کچھ سوچنے پر مجبور کر دیا۔

اسد الدین اویسی نے حلف برداری کے آخر میں جے فلسطین جوڑا، بریلی سے ممبر پارلیمنٹ چھتر پال سنگھ گنگوار نے جے ہندو راشٹر کا نعرہ لگایا جبکہ میرٹھ سے پارلیمنٹ ارون گوول نے جے شری رام کے نعرے لگائے۔

حیدرآباد سے رکن پارلیمان اسدالدین کے ذریعہ جے فلسطین کے نعرہ لگائے جانے کے بعد ہمیشہ کی طرح تنازع شروع ہو گیا جبکہ پارلیمنٹ میں لگائے گئے جے ہندو راشٹر اور جے شری رام کے نعروں کے پس پشت چھپی فکر اور معاشرے پر پڑنے والے اس کے منفی اثرات پر گفتگو نہیں ہوئی بلکہ حکمراں پارٹی سے وابستہ ممبران پارلیمنٹ سے لے کر باہر ٹی وی چینلوں اور سوشل میڈیا تک پر سب اویسی کے پیچھے پڑ گئے اور ان کے خلاف ایک محاذ کھول دیا۔ ایک ٹی وی چینل نے تو یہاں تک اسکرولنگ چلا دی کہ کیا اویسی اب ”سابق ممبر پارلیمنٹ ہو جائیں گے“۔

اسد الدین اویسی کو بطور سابق ممبر پارلیمنٹ دیکھنے کی خواہش رکھنے والے آئین ہند کی دفعہ 102 کا حوالہ دیتے ہوئے کہتے ہیں کہ اس دفعہ کی رو سے ان کی رکنیت منسوخ کر دی جانی چاہیے۔ دراصل آئین ہند کی دفعہ 102 ممبران کی رکنیت کی منسوخی کے تعلق سے ہے جس کی ذیلی شقوں پر 19 مئی 1949 اور 13 اکتوبر 1949 کو دو بار بحث ہوئی جس کے بعد اسے آئین میں شامل کر لیا گیا۔ سب سے زیادہ بحث اس بات پر ہوئی کہ حکومتیں اس دفعہ کا غیر مناسب استعمال نہ کر کے اپنے مخالفین کو پارلیمنٹ سے باہر نہ کر سکیں، اس دفعہ میں دو بار ترمیم بھی ہو چکی ہے۔ دفعہ 102 میں پانچ شقیں ہیں، چوتھی شق (گھ) کے تحت کہا گیا ہے کہ ایسا رکن پارلیمنٹ جو ہندوستان کا شہری نہیں ہے یا اس نے اپنی مرضی سے کسی دوسرے ملک کی رکنیت حاصل کر لی ہے یا کسی دوسرے ملک کے تئیں وفاداری یا اس کے قانون پر ترجیحی بنیاد پر عمل کرتا ہے تو اس کی رکنیت منسوخ ہو جائے گی۔ اس تیسری شق کے آخری جز کو ہی مدنظر رکھ کر یہ دعویٰ کیا گیا اور صدر جمہوریہ سے لے کر سپریم کورٹ تک میں عرضی دے کر مطالبہ کیا گیا کہ ان کی رکنیت کو منسوخ کر دیا جائے۔

بادی النظر میں تو محسوس ہوتا ہے کہ اسد الدین اویسی نے ’جے فلسطین‘ کا نعرہ لگا کر غلط کیا اور اس موقع پر ایسا کرنا غیر مناسب بھی تھا مگر اس نعرے کے ذریعہ وہ کسی دوسری ریاست کے تئیں نہ تو اپنی وفاداری کا اظہار کر رہے تھے اور نہ خود پر وہاں کے قوانین کا نفاذ کر رہے تھے بلکہ اس وقت روئے زمین کے سب سے مظلوم، مقہور اور محروم ملک کے عوام کی جانب وہ حکومت اور ممبران پارلیمنٹ کی توجہ مبذول کرانا چاہتے تھے اور ان کی خواہش تھی کہ ہندوستان کی حکومت فوری طور پر اقدام کر کے اس جنگ کو بند کرانے میں اپنا کردار ادا کرے تاکہ فلسطین کو انسانیت کی پامالی سے بچایا جا سکے، پارلیمنٹ کے باہر انہوں نے اپنے نعرے کی یہی توضیح بھی کی اور بتایا کہ انہوں نے یہ نعرہ کیوں لگایا۔ اسد الدین اویسی چونکہ بیرسٹر ہیں اور آج تک قانونی سطح پر کبھی وہ قانونی گرفت میں نہیں آئے ہیں کیونکہ وہ ہمیشہ قانون کو مدنظر رکھ کر ہی بیان دیتے ہیں یا کوئی عمل کرتے ہیں، ایسے میں ان کی رکنیت پر خطرہ نہیں ہوگا البتہ دائیں بازو کی فکر کے حاملین کو موقع ضرور مل گیا اور انہیں ایک بیانیہ قائم کرنے میں کامیابی مل گئی کہ اسدالدین اویسی ملک مخالف ہیں اور پارلیمنٹ میں ایک دوسرے ملک کی جے کا نعرہ لگا کر ملک سے غداری کے وہ مرتکب ہوئے ہیں۔ سوشل میڈیا پر دیکھ لیجیے اچھے خاصے پڑھے لکھے لوگ اس بیانیہ کا شکار ہو گئے ہیں۔ ایک صاحب نے ٹوئٹ کیا کہ اویسی کا حلف کے بعد جے فلسطین کا نعرہ شرمناک ہے اور اس کے فوراً بعد دوسرا ٹوئٹ کیا کہ چھتر پال سنگھ گنگوار نے اسلامسٹ اویسی کو جے ہندو راشٹر کا نعرہ لگا کر جواب دیا۔ یو پی کے سبکدوش آئی اے ایس افسر سوریہ پرتاپ سنگھ اپنے بیانات کے لیے جانے جاتے ہیں۔ انہوں نے ٹوئٹ کیا ”آج جے فلسطین، تو کل جے چین اور جے پاکستان کا بھی نعرہ لگایا جا سکتا ہے، یہ کیسا ماحول بنانے کی کوشش ہے اس ملک میں، جہاں ’جے سنودھان‘، ’بھارت ماتا کی جے‘ بولا جانا چاہیے وہاں دوسرے ملک کی جے جے کار؟ کیا یہ سنودھان اور ملک مخالف طرز فکر نہیں ہے؟ کیا لبرل ہونے کا مطلب یہ ہے کہ جس تھالی میں کھاؤ اسی میں چھید کرو۔“

آئی اے ایس افسر کو فلسطین کا نعرہ تو دکھائی اور سنائی دے گیا جس کے آئین اور ملک مخالف ہونے کا اعلان کر دیا لیکن جے ہندو راشٹر اور جے شری رام کے نعرے انہیں سنائی نہیں دیے۔ سیکولرازم اور جمہوریت کے ساتھ ہی امن کے خلاف ہتھیار کے طور پر استعمال کیے جانے والے نعروں کی شناعت اور اس کے پس پردہ چھپی ہوئی فکر اور اس کے منفی اثرات سے وہ یا تو نابلد ہیں یا پھر جان بوجھ کر اس پر بات نہیں کرنا چاہتے۔ چونکہ ان دونوں نعروں سے متعلق ملک کے عوام بخوبی واقف ہیں اور انہیں وہ مقاصد بھی معلوم ہیں جن کے حصول کے لیے یہ نعرے لگائے جاتے ہیں، اس لیے کوئی اس پر بات نہیں کر رہا لیکن پارلیمنٹ کے باہر اور پارلیمنٹ کے اندر کہی گئی باتوں کے الگ الگ مضمرات ہوتے ہیں، اسی لیے ہر اس لفظ کو ریکارڈ سے خارج کر دیا جاتا ہے جو غیر پارلیمانی ہو۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ ہندوستان ایک سیکولر اور جمہوری ریاست ہے، جس سے انکار وہ لوگ بھی نہیں کر سکتے ہیں جو آئینی عہدوں پر ہیں، اگرچہ ان کا تعلق اس تنظیم سے ہے جس کا بنیادی مقصد اس ملک کو ہندو راشٹر بنانا ہے۔ ان لوگوں میں یہ ہمت اس لیے نہیں ہے کیونکہ انہیں پتہ ہے کہ ملک کے عوام سیکولر اسٹیٹ میں یقین رکھتے ہیں۔

پارلیمنٹ میں جے ہندو راشٹر کا نعرہ کا مطلب ہے کہ ایسا شخص اسٹیٹ کی جمہوریت اور اس کے سیکولرازم میں یقین نہیں رکھتا ہے جبکہ آئین کی بنیاد ہی ان ہی دو الفاظ پر ہے کیونکہ یہی الفاظ ملک کی تکثیریت کو وحدت میں پروتے ہیں۔

پارلیمنٹ کے اندر ہو یا باہر، اس طرح کے نعروں کی اجازت بالکل نہیں ہونی چاہیے اور اگر کوئی ایسا کرتا ہے تو اس کے خلاف قانونی کارروائی کو یقینی بنایا جائے۔ لیکن حکومت نہ تو باہر ایسی ذہنیت رکھنے اور اس پر عمل کرنے والوں کے خلاف کارروائی کرتی ہے اور نہ پارلیمنٹ کے اندر ایسا کرنے پر انہیں قابل تعزیر تصور کرتی ہے، لیکن اگر کوئی خالصتانی پارلیمنٹ میں جے خالصتان یا کوئی علیحدگی پسند ایسا نعرہ لگا دیتا یا اویسی ہی جے ہندو کی جگہ جے مسلم راشٹر کا نعرہ لگا دیتے تو سوچئے کیا ہوتا؟ پارلیمنٹ کے ممبران اور ملک کا میڈیا ایسا نعرہ لگانے والوں کے ساتھ کیسا برتاؤ کرتا؟

در اصل اس طرح کے نعروں کے خلاف خاموشی اختیار کر کے معاشرے میں ان نعروں کو قبول کیے جانے کی راہ ہموار کی جا رہی ہے، اسی لیے ہندو راشٹر کے تصور کو بار بار دہرایا جا رہا ہے جبکہ یہ آئین مخالف ہے چونکہ ہندوستان ایک سیکولر اسٹیٹ ہے جس کا کوئی مذہب نہیں ہے، اس لیے ہندو راشٹر یا اس طرح کے نعروں کے لیے یہاں کوئی جگہ نہیں ہونی چاہیے۔ پارلیمنٹ میں جے ہندو راشٹر کا نعرہ لگائے جانے پر سماجوادی پارٹی کے سپریمو اکھلیش یادو نے اعتراض کرتے ہوئے کہا تھا کہ یہ نعرہ آئین مخالف ہے۔ ہونا یہ چاہیے تھا کہ اس نعرے کے بعد پورے پارلیمنٹ میں ہر طرف سے یہی آواز گونجتی مگر پارٹی سسٹم چونکہ بھیڑ چال ہوتی ہے، وہاں پارٹی کی لائن پکڑ کر چلنا ہوتا ہے، اس لیے وفاداری ملک اور آئین کے بجائے پارٹی سے کی جاتی ہے۔ ایسے میں یہ امید نہیں کی جا سکتی کہ اس طرح کے نعروں کے خلاف پارلیمنٹ کے ہر کونے سے آواز آئے گی کہ یہ نعرہ آئین کے خلاف ہے۔ لیکن ممبران پارلیمنٹ کی یہ وفاداری ملک کے لیے بہت زیادہ نقصان دہ ہے جس سے یہاں کے آئین کے بنیادی مقاصد پر ہی صرف ضرب نہیں لگتی بلکہ ملک ایک ایسی سمت کی جانب جاتا ہوا دکھائی دیتا ہے جہاں تنوع اور کثرت میں وحدت کے بجائے یک رنگی ہو جو اس ملک کی سالمیت، بقا، اخوت و محبت اور اس کے امن و امان کے لیے سم قاتل ہے جس کا کوئی تریاق نہیں۔

haneef5758@gmail.com

> حیدرآباد سے رکن پارلیمان اسدالدین کے ذریعہ جے فلسطین کے نعرہ لگائے جانے کے بعد ہمیشہ کی طرح تنازع شروع ہو گیا جبکہ پارلیمنٹ میں لگائے گئے جے ہندو راشٹر اور جے شری رام کے نعروں کے پس پشت چھپی فکر اور معاشرے پر پڑنے والے اس کے منفی اثرات پر گفتگو نہیں ہوئی...

مرکزی حکومت کا بجٹ سازی کا عمل اور عوامی توقعات

ڈاکٹر جاوید عالم خان

پارلیمنٹ کے حالیہ مشترکہ اجلاس میں صدر جمہوریہ نے مرکزی حکومت کی گزشتہ دس سالوں کی کارکردگی کو پیش کیا ہے مگر انہوں نے بڑھتی ہوئی مہنگائی، بے روزگاری، آمدنی کی غیر برابری اور غربت کا ذکر نہیں کیا۔ مرکز میں نئی حکومت کے قیام کے بعد آئندہ بجٹ کے لیے مرکزی وزارت برائے خزانہ کا تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ اس وقت مشاورت کا سلسلہ جاری ہے۔ ان اسٹیک ہولڈرز میں تمام صوبوں کے وزیر خزانہ، ماہر معاشیات، رفاہی تنظیمیں، ٹریڈ یونین، تاجروں، سرمایہ کاروں اور کسانوں کی تنظیمیں شامل ہیں۔ سالانہ بجٹ اخراجات کو تین اہم سیکٹر یا شعبوں کے ذریعہ عوامی خدمات کیلئے خرچ کیا جاتا ہے۔ ان تین سیکٹر یا شعبوں کو عمومی سیکٹر، اقتصادی سیکٹر اور سماجی سیکٹر کے نام سے جانا جاتا ہے۔ عمومی سیکٹر کے تحت جو حکومتی خدمات اور کام انجام دیے جاتے ہیں، ان میں سبسڈی سے متعلق اخراجات، پنشن، سود کی ادائیگی، قرض کی ادائیگی، دفاع سے متعلق اخراجات، قانون، پولیس اور عدلیہ پر خرچ اور مختلف وزارتوں اور شعبوں کو چلانے کیلئے مستقل اخراجات۔ وہیں معاشی سیکٹر سے متعلق دی جانے والی خدمات میں زراعت، آبپاشی، صنعت اور معدنیات، روزگار پروگرامس، نقل و حمل، مواصلات اور توانائی شامل ہیں۔ تیسرا اہم شعبہ سماجی خدمات سے متعلق ہے جس کا اہم مقصد ملک کے اندر انسانی وسائل کو فروغ دینا ہے۔ اس شعبے کے ذریعہ جو اہم خدمات دی جا رہی ہیں، ان میں تعلیم، صحت، غذائیت، پانی کی فراہمی اور صفائی ستھرائی کے علاوہ پسماندہ طبقات کی ترقی سے متعلق اہم ترجیحات شامل ہیں۔ پسماندہ طبقات کے تحت اقلیتوں، عورتیں، معذوروں، بچوں، دلت اور قبائلیوں کیلئے بھی ترقیاتی بجٹ مختص کیا جاتا ہے۔ ان میں جینڈر بجٹنگ، چائلڈ بجٹنگ دلتوں اور آدی واسیوں کیلئے ڈیولپمنٹ ایکشن پلان، اقلیتوں کیلئے وزیراعظم کا 15 نکاتی پروگرام اور معذوروں کیلئے مخصوص بجٹ قابل ذکر ہے۔ مرکزی بجٹ 2024-25 یکم فروری کو عارضی بجٹ (Vote on Account) کے طور پر پیش کیا گیا تھا۔ عارضی بجٹ میں مرکزی وزیر برائے خزانہ نے کوئی بڑے پالیسی اعلانات نہیں کیے تھے اور عارضی بجٹ جولائی 2024 تک کیلئے سرکار چلانے کیلئے جن اخراجات کی ضرورت ہے، ان کو منظوری دی گئی تھی۔ عام انتخابات کے بعد اب نئی منتخب حکومت مانسون اجلاس میں اپنا مکمل بجٹ پیش کرے گی۔ مرکزی وزیر کے اس بیان کے تناظر میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ فروری میں پیش کیے گئے بجٹ میں عوام کی ترقی سے متعلق ترجیحات اور توقعات پر زیادہ دھیان نہیں دیا گیا تھا۔ اس لیے آنے والے مکمل بجٹ میں عوام سے وابستہ توقعات جیسے کہ تعلیم، صحت، روزگار، غذائیت، سماجی تحفظ اور بنیادی سہولتوں سے متعلق اسکیموں پر اضافی بجٹ کی ضرورت ہوگی۔

تجزیہ سے یہ بھی پتا چلتا ہے کہ سماجی تحفظ کیلئے بزرگوں، بیواؤں اور معذوروں کیلئے جو ماہانہ پنشن کی رقم (400-300 روپے) دی جاتی ہے جو بالکل ہی ناکافی ہے۔ اقلیتوں، دلتوں، قبائلیوں اور معذوروں کیلئے چلائی جا رہی اسکالرشپ اسکیموں کے تحت جو ماہانہ رقم ادا کی جاتی ہے وہ طالب علموں کی ضرورتوں کو پورا نہیں کر پا رہی ہے۔ اس لیے ان اسکیموں کے مختص بجٹ میں اضافہ کی ضرورت ہے۔ صحت، غذائیت اور روزگار کی اسکیموں (نیشنل ہیلتھ مشن، سمگر شکشا، مڈ ڈے میل، پوشن، منریگا نیشنل لاوَلی ہوڈ مشن اور وزیراعظم کا روزگار پروگرام) کے لیے مختص بجٹ اور اخراجات سے متعلق اعداد و شمار یہ بتاتے ہیں کہ ان کے نفاذ میں کافی کمیاں ہیں جس کی وجہ سے عوام ان اسکیموں سے خاطر خواہ فائدہ نہیں اٹھا پا رہے ہیں، اس لیے اگلے بجٹ سے یہ امید کی جاتی ہے کہ مرکزی حکومت ان کمیوں کو دور کرنے کی کوشش کرے گی۔ اسی طرح سے آشا ورکر، آنگن واڑی ورکر اور آنگن واڑی ہیلپر کو جو تنخواہیں دی جاتی ہیں، وہ ان کی ضرورتوں کو پورا کرنے میں ناکافی ہیں، اس لیے ان ورکرز کی تنخواہوں میں اضافہ اور ان کو سماجی تحفظ بھی فراہم کیا جانا چاہیے۔ اس کے علاوہ جی ایس ٹی کے نفاذ کے ذریعہ تاجروں اور عوام پر جو بوجھ پڑ رہا ہے، اس کو حل کرنے کیلئے مرکزی بجٹ کو خاص توجہ دینی چاہیے۔ مہنگائی اور آمدنی کی عدم مساوات کو مدنظر رکھتے ہوئے انکم ٹیکس اور جی ایس ٹی کے ڈھانچے میں مزید تبدیلی کی ضرورت ہے جس سے نوکری پیشہ اور عام لوگوں کو راحت دی جا سکے۔

اس مالی سال کیلئے نئی مرکزی حکومت مانسون اجلاس میں اپنا مکمل بجٹ پیش کرنے والی ہے۔ دراصل بجٹ آئندہ مالی سال کے دوران ہونے والے تخمینہ شدہ اخراجات اور محصولات کے بیان اور تفصیلات کو پیش کرتا ہے۔ مرکزی حکومت ترقیاتی پالیسی اور بجٹ کے ذریعہ اہم سماجی اور اقتصادی مقاصد کو حاصل کرنے کیلئے ملک کے سامنے ایک سالانہ فریم ورک کو پیش کرتی ہے۔ سالانہ بجٹ کے ذریعہ مرکزی حکومت سماجی اور اقتصادی انفرا اسٹرکچر کی بہتر فراہمی کیلئے بجٹ مختص کرتی ہے جس کا مقصد انسانی وسائل کی ترقی میں اضافہ اور روزگار کے مواقع کو فراہم کرنا ہے۔ بجٹ کے ذریعہ معاشی صورتحال اور قیمتوں میں استحکام کے ذریعہ ملک کے مالی توازن کو برقرار رکھنا ہے، مزید اس عمل کے ذریعہ ملک کے اندر عوام میں آمدنی میں عدم مساوات کو بھی کم کرنا ہے۔

تجزیہ

آئین کے مطابق تمام طرح کے محصولات اور اخراجات کو ایک مجموعی فنڈ (Consolidated Fund of India) کے تحت رکھا جاتا ہے اور تمام اخراجات سے متعلق رقم کو کنسولیڈیٹڈ فنڈ سے پارلیمنٹ کے ذریعہ پاس کیے گئے قوانین کے تحت ہی نکالا جا سکتا ہے۔ پارلیمنٹ کے تحت کئی طرح کے مالیاتی کام بجٹ پر مشتمل ہوتے ہیں جس میں عام بجٹ، ڈیمانڈ فار گرانٹس، ووٹ آن اکاؤنٹ، سپلیمنٹری گرانٹس شامل ہیں، اس کے علاوہ پارلیمنٹ سے منظوری کے بعد آمدنی سے متعلق فنانس بل اور اخراجات سے متعلق اپروپریئیشن بل کو ایکٹ میں تبدیل کیا جاتا ہے۔ مزید یہ سارے عمل آرٹیکل 112، آرٹیکل 117، آرٹیکل 262 اور آرٹیکل 267 کے تحت پاس کیے جاتے ہیں۔

حکومت کی ٹیکس پالیسی سے متعلق اقدامات عوام پر منفی اور مثبت طور پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ جیسا کہ ہم جانتے ہیں کہ مرکزی حکومت کمپنیوں کے منافع پر کارپوریشن ٹیکس نافذ کرتی ہے نجی یا ذاتی آمدنی پر انکم ٹیکس بھی لگایا جاتا ہے، ملک سے درآمد یا برآمد اشیاء پر کسٹم ڈیوٹی نافذ کی جاتی ہے، اسی طرح سے اشیاء کی پیداوار پر ایکسائز ڈیوٹی لگائی جاتی ہے۔ حکومت غیر ٹیکس سے متعلق آئٹم کے ذریعہ آمدنی اکٹھا کرتی ہے، اس میں منافع، فیس، تمام خدمات کے ذریعہ آمدنی اور جرمانہ بھی شامل ہے۔ آمدنی اکٹھا کرنے کے عمل میں حکومت سرکاری اثاثہ اور پراپرٹی کو بھی فروخت کرتی ہے، اگر ان تمام ذرائع سے حکومت کے تخمینہ شدہ اخراجات کی تکمیل نہیں ہو پاتی ہے تو قرض لیا جاتا ہے۔ قرض میں اضافہ کی وجہ سے سود کی ادائیگی کی شرح میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔ تجزیہ سے یہ پتا چلتا ہے کہ گزشتہ دس سالوں میں قرض کی مقدار میں کافی اضافہ ہوا ہے لہٰذا یہ امید کی جاتی ہے کہ اگلے بجٹ میں حکومت بجٹ گھاٹے کو کم کرنے میں زیادہ توجہ دے گی۔

چونکہ ہندوستان ایک جمہوری ملک ہے اور جمہوری نظام حکومت میں آئین قانون ساز اداروں کو اس بات کا پابند بناتا ہے کہ وہ ملک کے اندر اکٹھے کیے گئے مالی وسائل اور عوامی اخراجات کی تفصیلات کی جانچ پڑتال کریں۔ حالانکہ تجزیہ سے یہ پتا چلتا ہے کہ قانون ساز اداروں کے ذریعہ بجٹ سے متعلق مالی وسائل اور اخراجات کی جانچ پڑتال بہتر ڈھنگ سے نہیں کی جا رہی ہے۔ بجٹ سے متعلق عوامی بیداری کا فقدان ہے۔ جہاں تک حکومت کے ذریعہ اکٹھا کیے گئے مالی وسائل یا اخراجات کا معاملہ ہے تو اس میں سماجی تنظیموں کی شراکت زیادہ نہیں ہے حالانکہ ان کے ذریعہ پالیسی مداخلت کیلئے یہ ایک بہت اہم موقع ہوتا ہے۔ البتہ کچھ رفاہی تنظیمیں گزشتہ سالوں سے بجٹ سے وابستہ معاملات میں دلچسپی لے رہی ہیں اور بجٹ کا تجزیہ بھی کرتی ہیں، ان کے تجزیہ میں زیادہ توجہ مختص بجٹ میں پسماندہ طبقات اور سوشل سیکٹر کیلئے بنائی گئی ترقیاتی اسکیموں اور اس سے متعلق ترجیحات پر ہوتی ہے۔ ان کے اس عمل کا مقصد یہ بھی ہے کہ پسماندہ طبقات کیلئے حکومت کے ذریعہ چلائے جا رہے ترقیاتی پروگراموں کو مؤثر ڈھنگ سے نافذ کروایا جا سکے۔ ان تنظیموں کا یہ بھی ماننا ہے کہ بجٹ کے تجزیہ اور بجٹ ایڈوکیسی کے ذریعہ مختلف سطحوں پر نظام حکومت میں احتساب اور شفافیت کو بہتر کیا جا سکے گا جو کہ مضبوط جمہوری نظام حکومت کا ایک اہم مقصد بھی ہے۔

(مضمون نگار انسٹیٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز اینڈ ایڈوکیسی سے وابستہ ھیں۔)

jawedalamk@gmail.com

> سالانہ بجٹ کے ذریعہ مرکزی حکومت سماجی اور اقتصادی انفرا اسٹرکچر کی بہتر فراہمی کیلئے بجٹ مختص کرتی ہے جس کا مقصد انسانی وسائل کی ترقی میں اضافہ اور روزگار کے مواقع کو فراہم کرنا ہے۔ بجٹ کے ذریعہ معاشی صورتحال اور قیمتوں میں استحکام کے ذریعہ ملک کے مالی توازن کو برقرار رکھنا ہے...

اقوال زرّیں

- ☐ سب سے بہتر مومن وہ ہے، جو خود قرآن پاک کو سیکھے اور دوسروں کو سکھائے۔
- ☐ مذہب میں سے انسانیت اور خدمت نکال دی جائے تو صرف عبادت رہ جاتی ہے اور محض عبادت کے لیے پروردگار کے پاس فرشتوں کی کوئی کمی نہیں۔
- ☐ پرہیز گار شخص کی ایک نشانی یہ بھی ہے کہ اس کے دل میں اللہ کا خوف اور آنکھ میں حیا ہوتی ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا
ROZNAMA RASHTRIYA SAHARA PATNA

’ترقی یافتہ‘ ہندوستان اور بھوک کے بچے

لوک سبھا انتخاب کے دوران بھارتیہ جنتا پارٹی نے سال 2023 میں 28 کروڑ افراد کے غربت سے باہر نکلنے کی خبروں پر دھواں دھار مہم چلائی تھی اور اسے ایک بڑی کامیابی سے تعبیر کرتے ہوئے ووٹروں کو بتایا تھا کہ یہ مودی جی کا فیض عام اگر جاری رہا تو آنے والے برسوں میں ہندوستان سے غربت کا مکمل خاتمہ ہو جائے گا۔ انتخاب ہوئے، نتائج آئے، حکومت بنی، نریندر مودی تیسری بار ملک کے وزیراعظم بن گئے۔ اس دوران یونیسیف نے ایک رپورٹ جاری کی ہے جس کے مشمولات بتاتے ہیں کہ ترقی کے تمام تر دعوؤں کے درمیان ہم آج بھی وہیں کھڑے ہیں جہاں چار دہائی قبل تھے۔ بچوں کے حوالے سے یونیسیف نے جو رپورٹ جاری کی ہے، اس میں کئی چونکا دینے والے انکشافات سامنے آئے ہیں۔ اس رپورٹ میں ہندوستان کا شمار دنیا کے ان بدترین ممالک میں کیا گیا ہے جہاں بچوں کو مناسب غذائیت نہیں ملتی ہے۔

اس رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ بھوک کے حوالے سے ہندوستان کی صورتحال بہت خراب ہے۔ یہاں بچوں کو مناسب خوراک نہیں ملتی۔ حیران کن بات یہ ہے کہ پاکستان کی صورتحال ہندوستان سے بہتر ہے۔ رپورٹ سے پتہ چلتا ہے کہ دنیا میں ہر چوتھا بچہ بھوک کا شکار ہے اور اچھی خوراک حاصل کرنے کیلئے جدوجہد کر رہا ہے۔ 181 ملین بچوں میں سے 65 فیصد بچے شدید بھوک میں رہنے پر مجبور ہیں۔ یہ نتائج یونیسیف کی عالمی ’چائلڈ نیوٹریشن رپورٹ 2024‘ کا حصہ ہیں۔ یونیسیف کے اعداد و شمار سے پتہ چلتا ہے کہ عالمی سطح پر 4 میں سے 1 بچہ شدید زمرے میں آتا ہے اور انتہائی ناقص خوراک کے ساتھ زندگی گزار رہا ہے۔ یونیسیف نے اپنی ’چائلڈ نیوٹریشن رپورٹ 2024‘ میں 92 ممالک پر تحقیق کی۔ دستیاب اعداد و شمار کے مطابق 92 ممالک میں بچوں کی خوراک کی شدید غربت میں رہنے والے بچوں کی شرح بیلاروس میں 1 فیصد سے لے کر صومالیہ میں 63 فیصد ہے، جب کہ ہندوستان میں یہ شرح 40 فیصد ہے، جسے ’سنگین‘ زمرے میں رکھا گیا ہے۔ صومالیہ کے بعد گنی (54 فیصد)، گنی بساؤ (53 فیصد)، افغانستان (49 فیصد)، سیرا لیون (47 فیصد)، ایتھوپیا (46 فیصد) اور لائبیریا (43 فیصد) میں صورتحال سب سے زیادہ خراب ہے۔ ہندوستان میں بچوں کی غربت کی شرح 40 فیصد ہے جو کہ بہت ہی سنگین زمرے میں آتی ہے۔ پاکستان کے حالات ہندوستان سے بہتر ہیں یہاں کے 38 فیصد بچے غذائی قلت کا شکار ہیں۔ رپورٹ میں انکشاف کیا گیا کہ ہندوستان ان 20 ممالک میں شامل ہے جہاں بچوں کو ضروری غذائیت سے بھرپور خوراک نہیں مل رہی ہے۔

اس عالمی مطالعہ کے نتائج ہندوستان کیلئے اہم ہیں۔ مرکزی وزارت صحت کے نیشنل فیملی ہیلتھ سروے 5 کے مطابق اس سے کم عمر بچوں میں سٹنٹنگ (بچوں کی جسمانی نشوونما) کا پھیلاؤ 35.5 فیصد اور کم وزن کی شرح 32.1 فیصد ہے۔ اگر دیکھا جائے تو ملک میں جو بھی غربت اور بھوک مٹانے کیلئے کئی سرکاری اسکیمیں چل رہی ہیں، اس کے علاوہ مرکزی اور ریاستی حکومتوں کی طرف سے بچوں کو غذائیت سے بھرپور کھانا فراہم کرنے کی اسکیمیں بھی چلائی جا رہی ہیں۔ آئی سی ڈی ایس اسکیم پہلی بار ملک میں 2 اکتوبر 1975 کو خواتین اور بچوں کی ترقی کی وزارت نے شروع کی تھی۔ اس اسکیم کو ابتدائی بچپن کی دیکھ بھال اور نشوونما کیلئے دنیا کے سب سے بڑے اور منفرد پروگراموں میں سے ایک سمجھا جاتا ہے۔ اس اسکیم میں کمزور گروپوں کو نشان زد کیا گیا ہے جن میں 0-6 سال کی عمر کے بچے، حاملہ خواتین اور دودھ پلانے والی مائیں شامل ہیں۔ یہ اسکیم 6 خدمات کا مکمل پیکیج فراہم کرتی ہے یعنی سپلیمنٹری نیوٹریشن، امیونائزیشن، ہیلتھ چیک اپ، نیوٹریشن اور ہیلتھ ایجوکیشن، پری اسکول کی غیر رسمی تعلیم اور ریفرل سروسز وغیرہ۔ اس کے علاوہ مڈ ڈے میل اسکیم، اندرا گاندھی میٹرنٹی سپورٹ اسکیم بھی چلائی جاتی ہے۔ ان سب کے باوجود اگر ملک میں غذائی قلت برقرار ہے اور بچوں کو غذائیت سے بھرپور کھانا نہیں مل رہا ہے تو یہ حکومت کی کھلی ناکامی ہے۔

ممکن ہے حکومت اس حوالے سے یونیسیف کے ڈیٹا پر ہی سوال اٹھائے اور اسے ہندوستان کے خلاف سازش قرار دے لیکن اس کے باوجود اس ڈیٹا کو مکمل طور پر رد نہیں کیا جا سکتا ہے۔ غذائیت کی کمی معاشرے اور خاص طور پر حکومت کیلئے سنگین تشویش کا باعث ہونا چاہیے۔ غذائیت کے حوالے سے 2030 کیلئے مقرر کردہ اہداف کے مطابق دنیا میں پانچ سال سے کم عمر بچوں میں ضائع ہونے کی شرح کو 3 فیصد تک لانا ہوگا۔ 28 کروڑ افراد کو غربت کے دائرہ سے باہر نکال کر اسے عالمی ترقی کا سنہرا باب قرار دینے کے باوجود ہندوستان میں فی الحال یہ شرح 31.7 فیصد ہے۔ اس صورتحال میں 2030 تک ہندوستان اپنے لیے مقرر کردہ ہدف کیسے حاصل کر پائے گا، اس پر غور کرنے کی ضرورت ہے۔

edit2sahara@gmail.com

مراسلہ نگار کی رائے سے مدیر کا متفق ہونا ضروری نہیں

صدر جمہوریہ کا خطبہ اور اسپیکر کا رویہ

مکرمی!

صدر جمہوریہ ہند محترمہ مرمو کے خطاب میں غیر ضروری طور پر 50 سال پرانی ایمرجنسی کا تذکرہ چھیڑا گیا جبکہ وزیراعظم نریندر مودی کا دس سالہ دور بھی غیر معلنہ ایمرجنسی سے کچھ کم نہ رہا، افسوس کہ صدر جمہوریہ کے خطاب میں بے روزگاری، مہنگائی اور اقلیتوں کے مسائل جیسے اہم امور کو یکسر نظر انداز کیا گیا ہے، دوسری جانب اسپیکر اوم برلا کا پارلیمنٹ میں رویہ جانبدارانہ کا ہے، انہیں اپوزیشن ارکان کی بات بھی ہمدردی اور غور سے سننی چاہیے، حزب اختلاف کے ارکان کو بھی اظہار خیال کا پورا موقع فراہم کرنا چاہیے کہ ایوان میں آواز اٹھانا ان کا حق ہے اور اسی کیلئے عوام نے انہیں منتخب کر کے پارلیمنٹ بھیجا ہے، یاد رہے کہ جمہوری ملک اور جمہوری نظام میں ڈکٹیٹر شپ اور تانا شاہی کیلئے کوئی جگہ نہیں ہوتی۔

زکریا سلطان - دبئی

منشیات کی لت

مکرمی!

والدین اپنے بچوں کی نشہ آور چیزوں سے متعلق بات کریں کہ یہ مادے بچوں کے لیے کیسے نقصان دہ ہیں۔ تمام قسم کے تمباکو، منشیات اور الکحل کے ساتھ ساتھ دیگر چیزوں کے بارے میں ایمانداری سے اور کھل کر بات کریں جن کا استعمال بچے اپنی زندگی میں تناؤ سے نمٹنے کے لیے کر سکتے ہیں۔ بچے اپنی پریشانیوں سے الجھتے الجھتے منشیات کے عادی ہو جاتے ہیں۔ اپنے بچوں کو پسندیدہ کھیلوں اور مقابلوں میں حصہ لینے کی ترغیب دیں۔ یہ جاننے کی کوشش کریں کہ ان کے دوست کون ہیں اور وہ اپنا وقت کہاں گزارتے ہیں۔ جن بچوں کے دوست منشیات کا استعمال کرتے ہیں، ان کے منشیات لینے کا امکان زیادہ ہوتا ہے۔ والدین بچوں کو خطرناک صورتحال میں ہونے سے پہلے حقائق بتا کر منشیات کے استعمال سے بچانے میں مدد کر سکتے ہیں۔ منشیات کی لت کسی بھی خاندان کو متاثر کر سکتی ہے۔ لیکن اپنے بچوں کے ساتھ بات کر کے اور ان کی زندگیوں میں شامل ہو کر، آپ انہیں اس برائی سے محفوظ رکھنے میں مدد کر سکتے ہیں۔

دوسری جانب حکومت کو بھی چاہیے کہ وہ ان لوگوں کے لیے خفیہ انعامات کا اعلان کرے جو ان لوگوں کے بارے میں اطلاع دیں جو قریب یا آس پاس منشیات کا استعمال کر رہے ہیں، یہ دوست، ہم جماعت، پڑوسی، ساتھی، رشتہ دار یا کوئی بھی اجنبی ہو سکتا ہے۔ یہ خیال انعامات کی خاطر یا انہیں پریشانی میں ڈالنے کے لیے نہیں بلکہ انہیں منشیات سے بچانے کے لیے ہے۔ پولیس کے خوف سے ہی کم از کم وہ منشیات کے استعمال سے گریز کریں گے۔ ان کو اور اپنے ملک کو بچانا ہماری ذمہ داری ہے۔

سید شمس الدین مغربی - حیدرآباد

حجاج کرام کی پریشانی کی وجہ

مکرمی!

یہ کہا جا رہا ہے کہ اب کی بار سعودی گورنمنٹ نے حجاج کرام کے لیے خاطر خواہ انتظامات نہیں کیے جو کہ سراسر غلط ہے۔ میرے کئی ساتھی اب کی بار حج کرنے گئے ہیں، جن سے میں مسلسل رابطہ میں ہوں۔ انہوں نے بتایا کہ جو لوگ مختلف ملکوں سے وہاں پر کام دھندے کے لیے آئے ہوئے ہیں، ان کی وجہ سے پریشانی ضرور ہوئی۔ جو لوگ وزٹ ویزے پر پہلے سے وہاں موجود تھے، ان کی وجہ سے ضرور حجاج کرام کی سہولتوں میں فرق پڑا تھا اور دوسری بات یہ کہ اب کی بار سعودی عرب میں گرمی بھی بہت پڑی ہے، جس کی وجہ سے پریشانی ہوئی، مگر سعودی گورنمنٹ کے انتظامات پر انگلی اٹھانا مناسب نہیں۔

حسین احمد خان - لکھنؤ

نوٹ: ادارتی صفحے پر شائع مضامین میں مضمون نگاروں کے ذریعہ ظاہر کی گئی آرا ان کی ذاتی ہیں اور ادارہ اس کیلئے کسی طرح سے ذمہ دار نہیں ہے۔

وہ جو برسوں پہلے اندرا سے ہوا تھا ایک جرم
جس کو غلطی مان کر خود ہی کیا تھا سدِ باب
آج غیر اعلانیہ ویسے ہی جبر و ظلم پر
اپنے حاکم پھر سناتے ہیں وہی پچھلی کتاب

اقبال فردوسی

سہارا انڈیا ماس کمیونی کیشن کیلئے پرنٹر و پبلشر **ضیاء قادری** نے ہندوستان میڈیا وینچرس لمیٹڈ پریس، موضع دریا پور، پولیس اسٹیشن شاہ پور، دانا پور ضلع پٹنہ میں چھپوا کر اور 4 چھوتھی منزل سہارا انڈیا وِیہار، بورنگ روڈ۔ پٹنہ سے شائع کیا
For Sahara India Mass Communication Printed & Published by **Zia Qadri**, Printed at Hindustan Media venturs Ltd Press, Village Darya pur, Shahpur, Danapur, Patna Bihar and Published from 4th Floor, Sahara india Vihar, Boring Road, Patna
Editor & Group Editor: **Abdul Majid Nizami** (editor.nizami@gmail.com) Resident Editor: **S.M. Irshad Alam** (smirshadalam1@gmail.com) *For Editorial/News: rsahara1@gmail.com ■ **ایڈیٹر اینڈ گروپ ایڈیٹر: عبدالماجد نظامی** ■ **ریزیڈنٹ ایڈیٹر: ایس ایم ارشاد عالم**
Advertisement (National): ■ 0-9891773434, 9899452476 **Email:** adsahara@gmail.com
roznamapatna@gmail.com **9835449463/7367026753**: شعبہ اشتہارات **7463861234**: سرکولیشن
R.E.6200553375
* اس شمارہ میں شامل شائع شدہ تمام خبروں کے انتخاب اور ایڈیٹنگ کیلئے ذمہ دار ________ R.N.I. No.BIHURD/2006/18599 ROZNAMA RASHTRIYA SAHARA (PATNA) ______ شمارہ نمبر: **6072** سال: **17**
روزنامہ راشٹریہ سہارا
ROZNAMA RASHTRIYA SAHARA NEW DELHI
○ حب الوطنی ○ فرض شناسی ○ ایثار
ہمیں فخر ہے کہ ہم ہندوستانی ہیں